Date: Day:

# اسلام سے کیا مراد ہے؟ اسلام کی نمایاں خصوصیات لکھیں۔

اسلام عربی زبان کا لفظ سلم سے نکلا ہے جس کے لغوی معنی ہیں امن اور سلامتی کے ہیں۔ اصطلاحی طور پر اس کا مطلب ہے کہ اللہ تعالی کی رضا کے لیے اپنا سر تسلیم خم کر دینا۔

Islam by definition mean peace acquired by submitting our will to almighty God.

اپنی زندگی کے تمام معاملات کو اللہ رب العزت کے تابع کر دینے کا نام اسلام ہے۔ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو زندگی کے ہر پہلو میں ہماری رہنمائی فرماتا ہے۔ اللہ کا پسندیدہ دین اسلام کے علاوہ کچھ اور نہیں۔

"ان الدین عند اللہ الاسلام فمن یبتغ غیر الاسلام دین فلن یقبل منہ" (القرآن)

**ترجمہ:** اللہ کے ہاں دین صرف دین اسلام ہی ہے۔ جو بھی اسلام کے علاوہ دین کی پیروی کرے گا وہ دین قبول نہیں کیا جائے گا

Date: Day:

# اسلام کی نمایاں خصوصیات

ہر چیز اپنی خوبیوں کی وجہ سے جانی جاتی ہے۔ ایک نظریہ اپنے اوصاف کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں گھر کرتا ہے بالکل اسی طرح اسلام بھی اپنی نمایاں خصوصیات کی وجہ سے دنیائے عالم میں ایک ابدی حیثیت کے ساتھ قائم و دائم ہے

اگر اسلام خوبیاں نہ رکھتا ہوتا تو اس کا وجود کب کا مٹ چکا ہوتا۔ تمام ادیان اسلام سے پہلے آئے مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ اپنی اصل کھوتے گئے۔ دین محمدؐ نے ان تمام ادیان کی تائید بھی کی اور اپنے حتمی ہونے کا نہ صرف دعویٰ کیا بلکہ قرآن مجید نے اس بات کو یوں بیان فرمایا ہے۔

"اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ"

(القرآن)

ترجمہ:-

بے شک اس ذکر (یعنی قرآن) کو ہم نے نازل کیا اور اس کی حفاظت بھی ہمارے ذمہ ہے۔

Date: ______ Day: ______

اسلام تمام خوبیوں کا مجموعہ ہے۔ یہ سیاسی، سماجی، معاشی، معاشرتی غرض یہ کہ ہر پہلو کے اعتبار سے انسانیت کی مکمل راہنمائی کرتا ہے۔ مندرجہ ذیل خوبیاں اسلام کو دیگر ادیان سے منفرد بناتی ہیں۔

## توحید کا منفرد تصور:۔

اسلام وہ واحد دین ہے جو خدا یعنی رب العالمین کی وحدانیت کا درس دیتا ہے۔ جیسے قرآن مجید میں ارشاد ہے

"قل ھو اللہ احد اللہ الصمد۔ لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد"

(القرآن)

## ترجمہ:۔

اے نبی آپ فرما دیں کہ وہ اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے۔ نہ وہ کسی کا بیٹا ہے اور نہ اس کا کوئی بیٹا ہے۔ اور اس کا کوئی ہمسر اور ہم پلہ نہیں۔

اسلام کے علاوہ تمام ادیان یکتانیت پر یقین نہیں رکھتے۔ عیسائیت Trinity، یہودی عزیر علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا، کوئی سورج، چاند اور کوئی آگ کی پوجا کرتا ہے۔ اسلام وہ واحد دین جو خدا کی وحدانیت پہ یقین رکھتی ہے۔

CamScanner

Date:________ Day:________

## عقیدہ رسالت:

اسلام ایک ایسا دین ہے جو عقیدہ رسالت کے ساتھ دیگر انبیاء کو بھی تسلیم کرتا ہے۔ اسلام کے علاوہ تمام ادیان کے پیروکار اپنے اپنے نبی کی مالا جپتے نظر آتے ہیں۔ دین اسلام نبی کریم ﷺ کی ذات مبارک کو آخری رسول اور نبی مانتا ہے اور دیگر انبیاء کی رسالت کی بھی گواہی دیتا ہے۔

"یا یہا النبی ان ارسلنک شاھدو مبشرا ونذیرو داعی اللہ باذنہ و سراج منیرا"
(القرآن)

## ترجمہ:

اے نبی ہم نے آپ کو گواہ، خوشخبریاں دینے والا، ڈرانے والا اور لوگوں کو ہدایت اللہ کی طرف بلانے والا چمکتا ہوا سورج بنا کر بھیجا ہے۔

یہاں گواہی سے مراد ہے کہ دیگر انبیاء کی رسالت کی گواہی ہے۔ اس کے علاوہ نبی اکرم کی ختم نبوت کے بارے میں بھی قرآن مجید خاموش نہیں بلکہ اس طرح ارشاد فرمایا ہے

Date: Day:

"ما کان محمد ابا احد من الرجالکمہ ولکن الرسول اللہ و ختم النبیین"

**(القرآن)**

**ترجمہ:**

محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں بلکہ وہ اللہ کے آخری نبی ہیں۔

اسلام کے علاوہ کوئی دین ایسا دین نہیں جو یہ دعویٰ کر سکے کہ ان کا دین دین حنیف ہے اور ان کی کتاب آخری کتاب اور ان کا نبی آخری نبی ہے۔ اسلام کی یہ خوبی اس کو دیگر مذاہب سے جدا کرتی ہے۔

## عقیدہ آخرت کا تصور:

اسلام عقیدہ آخرت کے بارے میں یہی بتاتا ہے جزا و سزا کا نظام مرنے کے بعد والی ابدی زندگی کے بارے میں اسلام ایک نقطہ نظر رکھتا ہے۔ قرآن مجید میں فرمان الٰہی کہ جب اللہ پوچھے گا کہ لوگوں سے اپنے فوج کے ذریعے تو وہ جواب دیں گے

Date: Day:

"الم یاتکم نذیر قالو بلی قد جاءنا نذیر فکذبنا"

(القرآن)

**ترجمہ:**

ان سے پوچھا جائے گا کہ تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تھا وہ کہیں گے ہاں! آیا تھا مگر ہم نے اس کو جھٹلا دیا۔ جب یہ لوگ اللہ کو جواب دیں گے تو آواز آئے گی

"وامتازو الیوم ایھا المجرمون"

**ترجمہ:**

اے مجرموں آج تم الگ ہو جاؤ۔ ان کے ساتھ ہونے والے سلوک کے بارے میں بھی سورہ **واقعہ** میں ارشاد باری تعالیٰ ہے

"ثم انکم ایھا الضالون المکذبون لاٰکلون من شجر من زقوم فمالئون منھا البطون"

**ترجمہ:**

پھر کہا جائے گا اے جھٹلانے والے گمراہو تھوہر کے درخت کو کھاؤ جس سے ان کے پیٹ اور انتڑیاں کٹ جائیں گی۔

Date: Day:

## مکمل ضابطہ حیات:

اسلام تمام دنیا کے لیے ایک مکمل ضابطہ حیات ہے یہ زندگی کے ہر پہلو میں انسانیت کی مدد کرتا ہے اور باقاعدہ طور پر حل فراہم کرتا ہے۔

"یا ایھا الذین امنوا اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول واولی الامر منکم وان تنازعتم فی شیئ فردوہ الی اللہ و رسول"

**ترجمہ:** اے ایمان والو اللہ کی اطاعت کرو اور رسول اللہ کی اطاعت کرو اور اگر کسی معاملے میں جھگڑا ہو جائے تو ایسی بات کو اللہ اور رسول کی طرف لوٹا دو۔

دنیا میں دیا گیا ہر ایک کام اسلام کی نظر سے اوجھل نہیں۔ آج کی جدید دنیا میں طلاق کا نظام، فوج کا نظام، حکومتی انتظامات، شہروں کا نظام، اداروں میں سرپرستی کی روک تھام کا نظام، انصاف کا نظام، منڈیوں کے معاملات حتیٰ کہ کوئی ایسا پہلو نہیں جس کو اسلام نے نظر انداز کیا ہو۔ آج کی دنیا اگر

Date: Day:

اسلامی اصولوں کو اپنا لیتی ہے تو دنیا امن و سکون کی جگہ بن جائے گی اور رہنے کے لیے مزید موزوں ہو جائے گی۔

## علم کی رغبت:-

اسلام اپنے ماننے والوں کو علم کی طرف بھی دعوت دیتا ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے

"قل هل يستوي الذين يعلمون والذين لا يعلمون"

**ترجمہ:-** اے نبی ان کو فرما دیں کہ کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے برابر ہو سکتے ہیں۔

دین اسلام علم کی اہمیت میں فرماتا ہے

"طلب العلم فريضة على كل مسلم"

**ترجمہ:-** علم کی طلب ہر مسلمان پر فرض ہے

"اطلبوا العلم من المهد الى اللحد"

**ترجمہ:-** گود سے لے کر گور تک علم حاصل کرو۔

Date:______ Day:______

دور جدید ہو یا قدیم، حالات موافق ہوں یا غیر موافق دین اسلام ہمیں ہر معاملے میں رہنمائی عطا کرتے اس بات پر مجبور کر رہا ہے کہ اے آلِ آدم اسلام ہی دینِ نجات ہے۔ کیونکہ

"ان الدین عند اللہ الاسلام ومن یبتغ غیر الاسلام دینا فلن یقبل منہ"

**ترجمہ:-**

بے شک اللہ کے ہاں دین دینِ اسلام ہے جو کوئی بھی اسلام کے علاوہ دین کی پیروی کرے گا اللہ اس کو دین قبول نہیں کرے گا۔

Batch
ABDUL HAFEEZ # 71